نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے حالیہ خشک سالی کے تناظر میں گندم کی بہتر نگہداشت کے لیے سفارشات جاری کر دیں

لاہور: یکم فروری 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بارانی علاقوں کے کاشتکار گندم کی فصل میں آبپاشی کے لئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائیں تاکہ بڑھوتری کا عمل جاری رہے۔ زمین میں موجود نمی کو محفوظ رکھنے کے لیے جڑی بوٹیوں کی تلفی بذریعہ گوڈی کریں۔ اس ضمن میں یوریا یا پوٹاشیم نائٹریٹ (قلمی شورہ) کا 2 فیصد محلول بحساب 100 تا 120 لیٹر فی ایکٹر سپرے کریں اور بہتر نتائج کے لیے یہی سپرے سات دن کے وقفے سے دوبارہ کریں۔ بارانی علاقوں کے کاشتکار فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔ کنگی کے حملہ کی صورت میں صرف متاثرہ حصے پر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب پھپھوندی کش زرعی زہر کا سپرے کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ آبپاش علاقوں کے کاشتکار معروضی حالات کے مطابق آبپاشی کا عمومی وقفہ خصوصاً ریتلے رقبوں میں کم کر دیں۔ نہری پانی کی عدم دستیابی کی صورت میں متبادل ذرائع آبپاشی کا منصفانہ استعمال کریں۔ اس کے علاوہ زمین میں موجود نمی کو محفوظ رکھنے کے لیے جڑی بوٹیوں کی تلفی بذریعہ گوڈی کریں۔ اس ضمن میں یوریا یا پوٹاشیم نائٹریٹ (قلمی شورہ) کا 2 فیصد محلول بحساب 100 تا 120 لیٹر فی ایکٹر سپرے کریں۔ بہتر نتائج کے لیے یہی سپرے سات دن کے وقفے سے دوبارہ کریں۔ آبپاش علاقوں کے کاشتکار گندم کی فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔ کنگی کے حملہ کی صورت میں صرف متاثرہ حصے پر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب پھپھوندی کش زرعی زہر کا سپرے کریں

****